Edinburgh Trust

پیسوں کی دقت ہے؟ ہم یہاں مدد کے لیے موجود ہیں۔

ایڈنبرا ٹرسٹ ایڈنبرا میں ایسے لوگوں کو گرانٹ دیتا ہے جنہیں مالی دقتوں کا سامنا ہے۔ ہم یو کے کے خیراتی ادارہ Turn2us کا حصّہ ہیں۔

گرانٹس کے لیے درخواستیں ہمارے ریفرل پارٹنرز کے ذریعہ جمع کی جاتی ہیں۔ ہمارے ریفرل پارٹنرز ایڈنبرا میں موجود تنظیمیں اور خیراتی ادارے ہیں۔ آپ کا حوالہ کنندہ ان تنظیموں سے وابستہ کوئی ایسا شخص ہوگا جسے آپ جانتے ہوں گے، جن کا کام آپ کو مدد یا مشورہ فراہم کرنا ہے۔

گرانٹ کے لیے کون لوگ درخواست دے سکتے ہیں؟

ہمارے گرانٹس ان لوگوں کے لیے ہیں جو ایڈنبرا شہر کے آس پاس رہتے ہوں، جن کے گھرانے کی آمدنی کم ہو (سالانہ 16 ہزار پاؤنڈ سے کم) اور جن کی بچتیں کم ہوں۔

لوگ ہمارے پاس بہت ساری مختلف وجوہات کی بنا پر گرانٹس کے لیے آتے ہیں۔ **اس بات کا فیصلہ آپ کرتے ہیں کہ آپ کس چیز کے لیے درخواست دینا چاہتے ہیں۔** مثال کے طور پر، ہم نے گھریلو سامان، کپڑے، روزمرہ زندگی کے اخراجات میں مدد، ٹریننگ کورسز وغیرہ کے لیے گرانٹس دیے ہیں۔ ہم فوری اور حقیقی ضرورتوں، نیز ان اخراجات کے لیے مالی امداد فراہم کرتے ہیں جس سے آپ کو طویل مدتی معاشی تحفظ فراہم ہو۔

کسی گرانٹ کے لیے درخواست دینے کے اقدامات:

پہلا قدم: **آپ اپنے** حوالہ کنندہ کو کنفرم کرتے ہیں کہ آپ گرانٹ کی شرائط پوری کرتے ہیں۔

دوسرا قدم: آپ اور آپ کا حوالہ کنندہ **باہم مل کر**درخواست فارم مکمل کرتے ہیں۔

تیسرا قدم: حوالہ کنندہ**آپ کے دستخط شدہ اقرار نامہ فارم اور آپ کی شناختی دستاویز (جو کہ عموماً ایک بینک کارڈ ہوتا ہے تاکہ اگر ہم کوئی گرانٹ ادا کریں تو ہمارے پاس درست تفصیلات موجود ہوں) کی نقل کے ساتھ آپ کی درخواست** جمع کرتا ہے۔

چوتھا قدم: درخواست میں آپ نے جو معلومات فراہم کی ہیں ہم انہیں دھیان سے پڑھ کر یہ طے کرتے ہیں کہ **آیا ہم مدد کر سکتے ہیں اور مدد کرنے کا بہترین طریقہ کیا ہے۔**

پانچواں قدم: **ہم آپ کی درخواست کا نتیجہ** 10 دنوں کے اندر آپ کو بتا دیں گے۔ اگر ہمارے پاس درخواست کے بارے میں کوئی سوالات ہوئے تو ہم آپ اور آپ کے حوالہ کنندہ سے رابطہ کریں گے۔

چھٹا قدم: اگر ہمارے لیے مدد فراہم کرنا ممکن ہوا تو ہم **فیصلہ کے بعد** 3 سے 5 دنوں کے اندر گرانٹ ادا کریں گے۔

ساتواں قدم: چند ہفتوں بعد ہم اس بارے میں آپ کی رائے معلوم کرنے کے لیے کہ **چیزیں کیسی چل رہی ہیں** آپ کو ایک سروے ای میل کریں گے۔

Turn2us الیزابیتھ فن کیئر (Elizabeth Finn Care) کا ایک تجارتی نام ہے۔ Elizabeth Finn Care ایک خیراتی ادارہ ہے جو انگلینڈ اور ویلز میں رجسٹرڈ ہے؛ نمبر: 207812؛ اور اسکاٹ لینڈ میں نمبر: SC040987

گرانٹس کس طرح ادا کیے جاتے ہیں؟

ہمارے گرانٹس عام طور پر آپ کو براہ راست ادا کیے جاتے ہیں سوائے اس کے کہ آپ اس کے برخلاف کی درخواست کریں۔ یہ عام طور پر £500 اور £1,000 کے درمیان ہوتے ہیں۔

گرانٹس قرضے نہیں ہیں: انہیں واپس کرنے کی ضرورت نہیں ہے اور ہم رسیدیں طلب نہیں کرتے ہیں۔

مکمل معلومات ہمارے ویب پیجز پر حاصل کی جا سکتی ہیں۔ 'Turn2us ایڈنبرا ٹرسٹ' تلاش کریں۔

آپ ہمیں 0131 202 2215 پر کال کر سکتے ہیں یا edinburgh@turn2us.org.uk پر ای میل کریں۔